کے ساتھ "اپنے حکمرانوں" سے تو پوچھیں۔ مقبوضہ کشمیر بھارت کے آئین کا حصہ ہے۔ پاکستانی حکومت اس کیلئے بھی لچک کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ کشمیریوں اور آغا خانیوں کیلئے موجودہ حکومت کی پالیسی ایک جیسی ہے۔

حکمران تو یہ بھی کہتے ہیں۔ کہ تعلیم کا کاروبار جماعت اسلامی کے لوگوں کے پاس زیادہ ہے۔ یہ بھی کہا ہے کہ جنرل قاضی نے کہ بہت شور مچانے والوں کے اپنے بچے امریکہ میں پڑھتے ہیں۔ حکومت کے قاضی کا اشارہ جماعت اسلامی کے قاضی کی طرف ہے۔ تو یہ تخصیص کیوں ہے۔ حکمرانوں کے بچے باہر پڑھ سکتے ہیں تو سیاستدانوں کے بچے کیوں نہیں؟ اب تو پاکستان میں ہی تعلیمی اداروں کا وہ حال کیا جارہا ہے کہ یورپ اور امریکہ سے پاکستانی لوگ اپنے بچے یہاں بھیجا کریں گے۔

آغا خان بورڈ کے حوالے سے آغا خان سٹیٹ کی باتیں کیوں ہونے لگی ہیں؟ شمالی علاقے میں یہ سٹیٹ قائم کرنے کیلئے جنوبی سے کاروائی کرنے کی ضرورت کیوں پڑی ہے؟ ایسٹ انڈیا کمپنی بھی تعلیم اور تجارت کے بہانے سے انگریز حکومت قائم کرنے میں کامیاب ہوئی تھی۔ (بشکریہ: نوائے وقت)

اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن ضلع جہلم کا مشترکہ اجلاس

اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن ضلع جہلم کا مشترکہ اجلاس زیر صدارت جناب حافظ عبدالحمید عامر رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم منعقد ہوا جس میں تحریک "علم ایک روشنی" پروگرام کو احسن انداز میں منعقد کرنے کیلئے مشورہ کیا گیا اور درج ذیل پروگرام ترتیب دیئے گئے۔

☆ ضلع جہلم کے اہم گورنمنٹ سکولوں میں سالانہ امتحان میں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو ٹیلینٹڈ ایوارڈ دیئے جائیں گے۔

☆ غریب طلبہ کو مفت کتب اور یونیفارم فراہم کی جائیں گی۔

☆ اپریل کے مہینے میں مختلف سکولوں، کالجوں اور جامعات کے طلباء کے درمیان تقریری مقابلے کا انعقاد کیا جائے گا جس میں کارکنان کیلئے تربیتی نشست کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

آخر میں رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے یہ اجلاس اختتام پزیر ہوا۔

جامعہ علوم اثریہ کے ششماہی امتحانات

جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کا ششماہی امتحان 12 اپریل بروز منگل سے شروع ہو کر 13 اپریل بروز بدھ اختتام پذیر ہوگا۔اور شعبہ الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 20 اپریل بروز بدھ سے شروع ہو کر 28 اپریل بروز جمعرات تک جاری رہیں گے۔ان شاء اللہ۔

ڈاکٹر صہیب حسن بن مولانا عبدالغفار حسن آف انگلینڈ اور مولانا محمد الیاس (الفجیرہ الامارات العربیہ المتحدہ) کی جامعہ میں تشریف آوری۔

گذشتہ دنوں معروف سکالر ڈاکٹر صہیب حسن مختصر دورہ پر جامعہ میں تشریف لائے۔اس موقع پر انہوں نے مسجد سلطان جامعہ اثریہ میں طلبہ سے نہایت ہی علمی انداز میں خطاب فرمایا قیمتی پند و نصائح سے نوازا۔اس دوران انہوں نے رئیس الجامعہ کے ہمراہ لائبریری، طلبہ کے ہاسٹل، اثریہ فری ڈسپنسری بعد ازیں مختلف مساجد اور اثریہ بھٹیال ہسپتال کا دورہ کیا۔اسی طرح مولانا حافظ محمد الیاس (فاضل مدینہ یونیورسٹی) (الفجیرہ الامارات العربیہ المتحدہ) جامعہ کے دورہ پر آئے۔اس دوران انہوں نے دونوں جامعات کا دورہ کیا۔

جامع مسجد عمر فاروقؓ اہل حدیث نوگراں میں افتتاحی خطبہ جمعۃ المبارک

مورخہ 18 فروری جامع مسجد عمر فاروقؓ اہل حدیث نوگراں جہلم میں رئیس الجامعہ نے عظیم الشان افتتاحی خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔اہل علاقہ جہلم شہر اور گرد و نواح سے لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔یاد رہے کہ رانا حاجی شوکت محمود نے یہ مسجد جامعہ کے نام وقف کر دی ہے اور اس کا انتظام جامعہ کے سپرد کر دیا ہے۔

جامع مسجد نکہ کلاں میں جلسہ سیرت النبی ﷺ۔

مورخہ 2 مارچ بروز بدھ بعد نماز عشاء جامع مسجد نکہ کلاں میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ ہوا۔تلاوت کلام پاک کے بعد قاری عبدالوہاب صدیقی نے اپنا نعتیہ کلام پیش کیا۔اس کے بعد حضرت مولانا منظور احمد آف گوجرانوالہ نے سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر خطاب فرمایا۔مسجد میں اس قدر لوگوں کا ہجوم تھا کہ تنگی داماں کا منظر تھا۔اس پروگرام کا انتظام ملک محمد رمضان اور دیگر احباب نے کیا۔

وفیات

عامر سلیم علوی جنرل سیکرٹری یوتھ فورس کو صدمہ

مورخہ 23 جنوری بروز اتوار محمد سلیم علوی کی زوجہ محترمہ، عامر سلیم علوی اور ناصر سلیم علوی کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نہایت ہی شفیق، مہربان اور دیندار خاتون تھیں۔

عتیق الرحمٰن ڈار (ڈار کلاتھ ہاؤس والے) کو صدمہ

مورخہ 17 فروری بروز جمعرات محمد رفیق ڈار کی اہلیہ اور عتیق الرحمٰن ڈار کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی دیندار اور پرہیزگار خاتون تھیں۔

ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم